معاون رہائش کے رہائشی کے حقوق کے نوٹس کا نمونہ

یہ نوٹس معاون رہائش کے رہائشیوں کے حقوق کے متعلق عمومی معلومات فراہم کرتا ہے۔ معاون رہائش کے فراہم کنندگان کو ممکنہ اور مستقل رہائشیوں کو یہ نوٹس فراہم کرنا ہو گا:

- انٹرویو کے وقت
- کسی یونٹ میں پہلی مرتبہ منتقلی کے وقت
- ہر مرتبہ لیز یا پروگرام ایگریمنٹ کی تجدید کے موقع پر
- مطالبے پر

اگر رہائشیوں کو یہ نوٹس پڑھنے میں دشواری کا سامنا ہو تو معاون رہائش کے فراہم کنندگان کو یہ نوٹس ان کو پڑھ کر سنانا ہو گا اور اگر پڑھنے کے لیے رہائشی کی ترجیحی زبان نیچے دی گئی فہرست میں شامل ہو تو یہ نوٹس ان میں سے ایک زبان میں فراہم کرنا ہو گا۔ اگر اس نوٹس کا رہائشی کی ترجیحی زبان میں ترجمہ موجود نہ ہو تو معاون رہائش کے فراہم کنندگان کو رہائشیوں کی ترجمے کی خدمت کی درخواست پر ان کی معاونت کرنا ہو گی۔ یہ نوٹس ان زبانوں میں دستیاب ہے: ہسپانوی، چینی، روسی، بنگالی، ہیشن کریول، کوریائی، اطالوی، عربی، اردو، فرانسیسی اور پولش۔ اس نوٹس کو ان زبانوں میں پڑھنے کے لیے nyc.gov/health پر جا کر "supportive housing" **(معاون رہائش)** تلاش کریں۔

## رہائشی کے حقوق

یہ نوٹس معاون رہائش کے رہائشی کے طور پر آپ کے حقوق کا ایک عمومی خلاصہ ہے اور اس کی حیثیت قانونی مشورے کی نہیں ہے۔ یہ ایسے نئے حقوق مقرر نہیں کرتا جو قانون کے تحت فراہم کردہ نہ ہوں۔ افراد کو پرزور انداز میں تجویز کیا جاتا ہے کہ رہائش سے متعلق کسی مسئلے کے تفصیلی ریکارڈز رکھیں۔ اگر آپ کو زیادہ مخصوص معلومات درکار ہوں تو **311** پر کال کریں اور Tenant Help Line (رہائشیوں کی ہیلپ لائن) سے بات کروانے کا کہیں۔

معاون رہائش کے رہائشی کی حیثیت سے آپ کو حق حاصل ہے کہ:

1. خطرناک یا نقصان دہ حالات سے پاک زندگی گزاریں جیسے کیڑے مکوڑے، پانی ٹپکنا، پھپھوندی اور خراب تنصیبات۔ حرارت، گرم پانی، بجلی اور گیس جیسی سہولیات آپ کا حق ہیں۔
    a. دیکھ بھال کی درخواست کرنے کے لیے نیچے "عمارت کی معلومات" کے تحت دی گئی معلومات کے ذریعے اپنی عمارت کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم یا اپنے معاون رہائش فراہم کنندہ کو کال کریں۔
    b. کوئی جاری مسائل جن کا حل نہیں کیا گیا ان کی رپورٹ کرنے اور اپنے گھر کا NYC ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (Department of Housing Preservation and Development, HPD) کی جانب سے معائنہ کیے جانے کی درخواست کرنے کے لیے **311** پر کال کریں۔
    c. اس جائیداد کے مالک کے لیے لازم ہے کہ اندراج، لیز کی تجدید اور اس میں تبدیلیاں کیے جانے کے مواقع پر آپ کو اپنے شکایات کے حل کے طریقہ کار کی ایک نقل فراہم کریں تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ اپنے یونٹ کے حوالے سے کسی مسائل سے کس طرح نمٹنا ہے۔
2. NYC کے ہاؤسنگ مینٹیننس کوڈ کی خلاف ورزیوں، بشمول ہراس زدگی، کی اصلاح کے لیے متعلقہ جائیداد کے مالک، اس جائیداد کے منتظم یا معاون رہائش فراہم کنندہ کے خلاف مقدمہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں اور Tenant Help Line (رہائشیوں کی ہیلپ لائن) سے بات کروانے کا کہیں یا اپنے بورو کے ہاؤسنگ کورٹ جائیں۔
    a. اگر آپ کی رہائش کے مالک نے آپ کو نکال کر رہائش گاہ کو تالہ لگا دیا ہے یا آپ کو اپنی رہائش گاہ چھوڑنے پر مجبور کرنے کی کوشش کر رہا ہے تو غیر قانونی پر تالہ لگانے کی رپورٹ کرنے

-

کے لیے فوری طور پر **911** پر کال کریں۔ اس کے بعد، **311** پر کال کریں اور Tenant Help Line (رہائشیوں کی ہیلپ لائن) سے بات کروانے کا کہیں۔

3. آپ کو بے دخل کیے جانے سے پہلے عدالتی کاروائی
   a. آپ NYC کے رائٹ ٹو کاؤنسل لاء کے تحت، اپنے زپ کوڈ یا ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، **بے دخلی کے خلاف دفاع کی مفت قانونی خدمات** حاصل کر سکتے ہیں۔ مفت اٹارنی سے رابطہ کرائے جانے کے لیے آپ یہ کچھ کر سکتے ہیں:
      i. **311** پر کال کریں اور Tenant Help Line (رہائشیوں کی ہیلپ لائن) سے بات کروانے کا کہیں۔
      ii. ہاؤسنگ کورٹ آنسرز ہاٹ لائن کو 718-557-1379 پر کال کریں۔
      iii. عدالت میں اپنی پہلی حاضری پر مفت قانونی خدمات کی درخواست کریں۔
   b. **جج کے حکم کے بغیر آپ کو کوئی بے دخل نہیں کر سکتا۔** آپ کے قانونی طور پر بے دخل کیے جا سکنے سے پہلے آپ کو ایک سٹی مارشل یا سٹی شیرف کے دفتر سے ایک نوٹس وصول ہونا بھی ضروری ہے۔
   c. آپ کو بے دخل کرنے کی کوشش کرنے والے فرد یا تنظیم کو ایک پٹیشن بھی فائل کرنا ہو گی جس میں Real Property Actions and Proceedings Law, Section 741 (رئیل پراپرٹی ایکشنز اینڈ پروسیڈنگز لاء، شق 741) میں بیان شدہ مخصوص معلومات ہوں۔ اس پٹیشن کے متعلق مزید معلومات کے لیے آپ یہ کر سکتے ہیں:
      i. **311** پر کال کریں اور Tenant Help Line (رہائشیوں کی ہیلپ لائن) سے بات کروانے کا کہیں۔
      ii. ہاؤسنگ کورٹ آنسرز ہاٹ لائن کو 718-557-1379 پر کال کریں۔

4. کسی جسمانی، ذہنی یا رویے سے متعلق معذروی سے نمٹنے کے قابل ہونے کے لیے یا اپنی رہائش کے حوالے سے کسی طرح کی حق تلفی کے خلاف تحفظ فراہم کیے جانے کے لیے اپنی رہائش، خدمات یا ان دونوں میں موزوں تبدیلیوں کی درخواست کریں
   a. کسی معذوری کے لیے معقول رعایت کی درخواست کرنے کے لیے، اپنی معاون رہائش کے فراہم کنندہ سے نیچے دی گئی رابطے کی معلومات استعمال کر کے رابطہ کریں۔
   b. اگر آپ کو محسوس ہوتا ہے کہ آپ کی حق تلفی کی گئی ہے تو NYC کمیشن آن ہیومن رائٹس کو 212-416-0197 پر کال کریں۔

5. کرائے کی رسیدیں حاصل کریں اور آمدنی کی سالانہ ری سرٹیفیکیشنز، لیزز اور کرایہ داری کے معاہدوں کے علاوہ کرائے کی ادائیگیوں اور کرائے کے بقایا جات کے ایک کرنٹ لیجر کی درخواست کریں۔ اس معلومات کی درخواست کرنے کے لیے، اپنی معاون رہائش کے فراہم کنندہ سے نیچے دی گئی رابطے کی معلومات استعمال کر کے رابطہ کریں۔

6. خاندان کے ساتھ رہیں، اپنے خاندان کو پھیلائیں اور، کچھ حالات میں، روم میٹس کے ساتھ رہیں۔ اگر آپ اپنے اہل خانہ میں اور افراد (جیسے نابالغ یا بالغ بچے، شریک حیات یا سماجی ساتھی) کو شامل کرنا چاہیں تو اپنے سماجی خدمات کے فراہم کنندہ کو مطلع کریں۔ آپ کے فراہم کنندہ مزید افراد کو اہل خانہ میں شامل کرنے کے نتائج کے متعلق بات کریں گے، بشمول یہ تعین کرنا کہ آیا یہ رہائش اضافی رہائشیوں کے لیے موزوں یا قانونی طور پر قابل قبول ہے یا نہیں؛ کوئی آمدنی کی اہلیت کے تقاضے جو آپ کی رہائش گاہ پر لاگو ہونے کا امکان ہو، جیسے کم آمدنی والی رہائش کے ٹیکس کریڈٹ (Low-Income Housing Tax Credit, LIHTC) والی عمارتوں پر لاگو شدہ تقاضے؛ اور کہ کرائے کا حساب لگائے جانے اور لیز یا سب لیز میں کیا تبدیلی آ سکتی ہے۔

7. ہراس زدگی، انتقامی کاروائی یا سزا کے بغیر رہائشیوں کے حقوق اور تحفظ کے لیے آواز اٹھانے کے لیے کسی رہائشیوں کی تنظیم نما کسی گروپ میں شامل ہوں یا خود گروپ بنائیں۔ آپ یہ میٹنگز اپنی عمارت کی مشترکہ جگہوں کو استعمال کر سکتے ہیں جس کے لیے فیس ادا نہیں کرنا پڑے گی۔ معاون رہائش فراہم کنندہ کو پیشگی اطلاع دینا ہو گی۔

-

معاون رہائش فراہم کنندہ یہ معلومات مکمل کریں گے۔

| معاون رہائش فراہم کنندہ کی معلومات | | |
|---|---|---|
| معاون رہائش فراہم کنندہ کا نام: | فون: | ای میل: |
| جس ایجنسی کے پاس اوپر درج معاون رہائش فراہم کنندہ کا معاہدہ ہے (تمام متعلقہ کو نشان زد کریں):<br>☐ NYC ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز / ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن<br>☐ NYC ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ<br>☐ NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت<br>اس ایجنسی کو شکایت درج کروانے کے لیے، **311** پر کال کریں۔<br><br>☐ دیگر: ______________________<br>شکایت درج کروانے کے لیے، رابطہ کریں: | | |
| دستیاب معاون خدمات: | | |
| خدمات کی درخواست یا ان کو تبدیل کرنے کی درخواست کرنے کے لیے پالیسیاں معلوم کرنے کے لیے رابطہ کریں: | فون: | ای میل: |
| فراہم کنندہ کے مالی ذرائع (بشمول ان تمام مالی ذرائع پر لاگو ہونے والے بنیادی ضوابط کی ایک فہرست)؛ بے دخلی اور شکایات کے متعلق پالیسیوں (بشمول طریقہ کار اور فراہم کنندہ کے لیے جواب دینے کی مدت) یا کرائے کے بقایا جات حاصل کرنے میں معاونت یا مالی انتظام کاری کی معاونت، کے متعلق معلومات کی ایک نقل کی درخواست کرنے کے لیے، رابطہ کریں: | | |
| نام: | فون: | ای میل: |
| نام: | فون: | ای میل: |
| نام: | فون: | ای میل: |
| سوشل سروس یا کیس کی انتظام کاری سے متعلق مسائل کے متعلق بات کرنے کے لیے، رابطہ کریں: | | |
| نام: | فون: | ای میل: |
| نام: | فون: | ای میل: |
| نام: | فون: | ای میل: |

-

| عمارت کی معلومات | | |
|---|---|---|
| پتہ (یونٹ نمبر سمیت، اگر اطلاق ہوتا ہو): | | |
| جائیداد کا مالک: | فون: | ای میل: |
| پراپرٹی مینیجر | فون: | ای میل: |
| مرمت یا دیکھ بھال کی درخواست کرنے کے لیے، رابطہ کریں: | | |
| نام: | فون: | ای میل: |
| **اضافی معلومات** | | |
| کل ماہانہ کرایہ: | | |
| فراہم کنندہ کے حصے کا کرایہ: | | |
| رہائشی کے حصے کا کرایہ: | | |
| کیا یہ یونٹ سٹیبلائزڈ ہے؟ | ☐ہاں | ☐نہیں |
| | ☐ معلوم نہیں | |
| کسی یونٹ کے کرائے کی سابقہ معلومات کی درخواست کرنے کے لیے، نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹی رینیوئل سے اس پتے پر رابطہ کریں:<br><br>درج بالا معاون رہائش فراہم کنندہ یونٹ کے کرائے کی سابقہ معلومات حاصل کرنے میں آپ کو معاونت فراہم کریں گے۔ | فون: | ای میل: |
| کیا یہ یونٹ کسی ایسی عمارت میں ہے جس کو ٹیکس میں کمی یا استثناء ملتا ہے؟ | ☐ہاں<br>تاریخ آغاز:<br>تاریخ اختتام: | ☐نہیں |
| کیا یہ یونٹ کسی قابل انتقال رعایت کے تحت رعایت یافتہ ہے؟ | ☐ہاں<br>منتقلی کی پیروی کرنے کے عمل کے متعلق مزید جاننے کے لیے رابطہ کریں: | ☐نہیں |

-

نیچے دستخط کر کے، آپ یہ تائید کر رہے ہیں کہ آپ نے معاون رہائش فراہم کنندہ سے ایک اپارٹمنٹ جس کو آپ نے منتقل ہونے پر غور کرنے کے لیے دیکھا یا ایک اپارٹمنٹ جس میں آپ رہ رہے ہیں، کے حوالے سے اس نوٹس کی ایک نقل وصول کر لی ہے۔

| | |
|---|---|
| رہائشی یا ممکنہ رہائشی کا نام: | |
| دستخط: | |
| تاریخ: | |

معاون رہائش فراہم کنندہ نے اس نوٹس کی ایک نقل ممکنہ اور مستقل رہائشیوں کو فراہم کرنا ہو گی۔

ایک دستخط شدہ نقل معاون رہائش فراہم کنندہ کے پاس موجود اس فرد کی فائل میں رکھی جائے گی۔

Urdu 12.24